کتاب و سنت سے ماخوذ مستند اذکار اور دعاؤں کا مجموعہ

فرض نماز کے بعد مسنون اذکار اور دعائیں



ڈاکٹر حافظ نعمان احمد الحدّاد

(اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج گوجرانوالہ)

کتاب و سنت سے ماخوذ مستند اذکار اور دعاؤں کا مجموعہ

فرض نماز کے بعد مسنون اذکار اور دُعائیں

ڈاکٹر حافظ نعمان احمد الحدّاد
(اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج، گوجرانوالہ)



نام کتاب ——————— فرض نماز کے بعد مسنون اذکار اور دعائیں

مؤلف ——————— ڈاکٹر حافظ نعمان احمد الحدّاد

اشاعت اول ——————— جولائی 2025ء / محرّم 1447ھ

تعداد ——————— 500

قیمت ———————

قانونی مشیر ——————— پروفیسر چوہدری سکندر عباس گورائیہ
(ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ناشر



ثریا اسحاق پبلشرز، ٹرسٹ اینڈ ویلفیئر فاؤنڈیشن
نزد باغبانپورہ، حافظ آباد روڈ، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان
(03338147420/03216400497)

نگاہِ اوّل

بسم اللہ والحمد للہ تعالیٰ نحمدہ ونصلی ونسلم
علی رسولہ الکریم أما بعد:

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا ہے۔
مخلوق ہونے کے اعتبار سے انسان اپنے خالق کے سامنے کمزور
اور محتاج ہے لہذا وہ دعاؤں اور اذکار کے ذریعے اپنی بے بسی و
محتاجی کا اظہار اپنے رب کے سامنے کرتا ہے۔یہ اذکار اور
دعائیں بھی عبادت ہی کا ایک انداز ہے اسی لئے کتاب وسنّت
میں بہت ساری دعائیں واذکار سکھائے اور بتائے گئے ہیں تاکہ
انسان دنیوی واخروی سعادتمندی کیلئے عبادت بھی سرانجام

دے اور اپنے دکھ ودرد میں اللہ کی یاد کے ساتھ سکون بھی پائے۔

شریعت کے علاوہ تجربے اور مشاہدے سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ مختلف مواقع پر پڑھی جانیوالی دعاؤں اور اذکار کے ظاہری، باطنی، جسمانی اور روحانی کئی فوائد ہیں۔اس لئے جناب رسول اللہ ﷺ فرض نماز کے بعد کچھ اذکار اور دعاؤں کا اہتمام فرماتے تھے، جن کا اہتمام امّت کو بھی کرنا چاہئے۔اس مختصر کِتَابچے میں فرض نماز کے بعد مُستند اور مَسنون اذکار ودعاؤں پر مشتمل ایک گلدستہ پیش کیا گیا ہے جسے پڑھنا، پڑھانا، یاد کرنا اور کروانا ، اللہ کے فضل ورحمت سے باعثِ صدقہ جاریہ ہو گا۔ان شاءاللہ

کتاب کا نام ”فرض نماز کے بعد مسنون اَذکار اور دعائیں“ ہے جس میں دعاؤں کی مناسب ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ انداز نہایت سادہ ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ ہر بات مستند ہو، کتاب وسنت کے صحیح ترین دلائل پر مشتمل ہو اور متن میں اعراب کی غلطی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں التجاء ہے کہ یہ عملِ قلیل، لوجہ اللہ مقبول ہو اور اس کا اجر، جزیل ہو اور بندہ کے لیے باعثِ صدقہ جاریہ ہو۔ (آمین)

العبد

ڈاکٹر حافظ نعمان احمد الحدّاد (اسسٹنٹ پروفیسر)

گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج، گوجرانوالہ

جون 2025ء/ ذوالحجہ 1446ھ

بِسْمِ اللہِ الرَّ حْمٰنِ الرَّ حِیْمِ

فرض نماز کے بعد مَسنُون اَذکار اور دُعائیں

☆ سلام پھیرنے کے بعد پڑھیں:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔[1] (اللہ سب سے بڑا ہے)۔

أَسْتَغْفِرُ اللہَ ، أَسْتَغْفِرُ اللہَ، أَسْتَغْفِرُ اللہَ۔[2]

(میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے، میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے، میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے)۔

---

[1] بخاری:842/ مسلم:583، عن ابن عباسؓ

[2] مسلم:591، عن ثوبانؓ

☆ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ۔[3]

(ایک مرتبہ)

(اے اللہ! تو ہی (السّلام، یعنی) سلامتی والا ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے، تو بہت بابرکت ہے، اے بزرگی اور عزت والے)۔

☆ رَبِّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔[4] (ایک مرتبہ)

---

3 مسلم: 591، 592، عن ثوبانؓ وعائشہؓ

4 نسائی: 1226، صحیح، عن معاذ بن جبلؓ

(اے میرے رب! میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر اور شکر کرتا رہوں اور اچھے طریقے سے تیری عبادت کرتا رہوں)۔

☆ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ ، لَهُ الْمُلْكُ ، وَلَهُ الْحَمْدُ ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلاَ يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔[5] (ایک مرتبہ)

(اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا

[5] بخاری: 844، مسلم: 893، عن المغیرۃ بن شعبۃؓ

کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے سب تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ اے اللہ! جو چیز تو عطا فرمائے اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جو تو روک لے وہ کوئی دے نہیں سکتا اور کسی صاحبِ حیثیت کو اس کی حیثیت تیرے ہاں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی)۔

☆ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ ، لَهُ الْمُلْكُ ، وَلَهُ الْحَمْدُ ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ۔[6](ایک مرتبہ)

(اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے سب تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ نہیں ہے (گناہ سے بچنے کی) ہمت اور نہیں (نیکی کرنے کی) طاقت مگر اللہ کی توفیق سے۔ اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں، اور ہم صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں، اسی کی نعمتیں ہیں اور اسی کا فضل ہے اور اسی کیلئے اچھی تعریف ہے۔ اللہ کے سوا کوئی (سچا)

---

6 مسلم: 594، عن عبداللہ بن الزبیرؓ

معبود نہیں، ہم خالص اسی کی بندگی کرتے ہیں اگرچہ کافر (اسے) برا سمجھیں)۔

☆ **یہ تینوں کلمات 33،33 مرتبہ پڑھیں:**

سُبْحَانَ اللّٰهِ (اللہ پاک ہے)۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں)۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ (اللہ سب سے بڑا ہے)۔

اور ایک مرتبہ پڑھیں: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ ، لَهُ الْمُلْكُ ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔[7]

---

7 مسلم: 597، عن ابی ھریرۃؓ

(اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا
کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے
سب تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے)۔
☆ نوٹ: ان تسبیحات کو دائیں ہاتھ کی انگلیوں پر گننا / پڑھنا مستحب ہے۔[8]

☆ **آیۃالکرسی:**

﴿ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي

[8] ابوداؤد: 1501، حسن / ترمذی: 3583، حسن، عن یسیرۃ بنت یاسرؓ

الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۚ وَ لَا
يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ
حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝[9]

(اللہ (وہ ہے کہ) اُس کے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں، وہ زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے، نہ اُسے کچھ اونگھ پکڑتی ہے اور نہ کوئی نیند، اُسی کا ہے جو کچھ

---

[9] البقرۃ:2: 255/ السلسلۃ الصحیحۃ:972/ صحیح الجامع،5/339، عن ابی اُمامہؓ

آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، کون ہے وہ جو اُس کے پاس اُس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے، وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے اور جو ان کے پیچھے ہے، اور وہ اُس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اُس کی کرسی (کی وسعت) نے آسمانوں اور زمین کو گھیر رکھا ہے، اور اسے ان دونوں کی حفاظت نہیں تھکاتی، اور وہی سب سے بلند، سب سے بڑا ہے)۔

☆ **مُعَوِّذَات:**

سورۃ الإخلاص: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴿قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۞ اَللّٰهُ

الصَّمَدُ ۞ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۞ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۞

(آپ ﷺ فرما دیں کہ اللہ ایک ہے۔ اللہ ہی بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جَنا (یعنی وہ کسی کا باپ نہیں) اور نہ وہ جَنا گیا (یعنی وہ کسی کی اولاد نہیں)۔ اور نہ کبھی کوئی ایک اس کے برابر کا ہے (وہ بے مثال ہے)۔

سورۃ الفلق: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۞ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۞ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۞ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۞ وَمِنْ شَرِّ

حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ﴿۵﴾

(آپ ﷺ فرما دیں کہ میں مخلوق کے رب کی پناہ پکڑتا ہوں۔ اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے)۔

سورۃالناس: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ

النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝[10]

(آپ ﷺ فرما دیں کہ میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے رب کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو ہٹ ہٹ کر آنے والا ہے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنّوں اور انسانوں میں سے)۔

☆**نوٹ:** مُعَوِّذَات کو نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد تین، تین مرتبہ پڑھیں۔[11]

---

10 ابوداؤد: 1523، صحیح، عن عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہ

11 ترمذی: 3575، حسن، عبداللہ بن خُبیب رضی اللہ عنہ

☆ رَبِّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ أَوْ تَجْمَعُ عِبَادَكَ۔[12] (ایک مرتبہ)

(اے میرے رب! مجھے اپنے اس دن کے عذاب سے بچا لے جس دن تو اپنے بندوں کو زندہ کرے گا (اٹھائے گا یا جمع کرے گا)۔

☆ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ

---

[12] مسلم: 709، ترمذی: 3399، عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ

وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ۔[13]

(ایک مرتبہ)

(اے اللہ! میرے اگلے اور پچھلے گُناہ معاف فرمادے اور وہ گناہ جو میں نے چھپ کر کئے، جو میں نے علانیہ کئے، اور جو میں نے (تجاوزو) زیادتی کی اور وہ جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے (بھی معاف فرمادے)۔ تو ہی (نیکی میں) آگے کرنے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے، تیرے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں)۔

☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ الْجُبْنِ

---

13 ابوداؤد: 1509، صحیح، عن علیؓ

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔[14] (ایک مرتبہ)

(اے اللہ! میں بزدلی اور بُخل سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں (اس بات سے) کہ میں نکمی عمر کی طرف لوٹایا جاؤں، میں دنیا کے فتنے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں)۔

☆ نماز فجر کے بعد:

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ عِلْماً نَافِعاً، وَّرِزْقاً طَيِّباً،

---

[14] بخاری: 2667، 6374، عن سعد بن ابی وقاصؓ

وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا۔[15] (ایک مرتبہ)

(اے اللہ! میں تجھ سے نفع والا علم، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں)۔

☆ **نمازِ وتر کے بعد سلام پھیر کر:**

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ۔[16] (تین مرتبہ، تیسری مرتبہ بلند آواز سے پڑھیں)

(پاک ہے بادشاہ، نہایت ہی پاک)۔

---

15 ابن ماجہ: 925، صحیح، عن امّ المؤمنین امّ سلمۃؓ

16 ابوداؤد: 1430/ نسائی: 1732، صحیح، عن اُبی بن کعبؓ

اس کے بعد ایک مرتبہ:

رَبُّ الْمَلاَئِکَۃِ وَالرُّوحِ۔[17]

(فرشتوں اور رُوح (جبرائیلؑ) کا رب)۔

☆ اپنی نماز والی جگہ پر بیٹھ کر اذکار پڑھنے کی فضیلت:

جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص نماز ادا کرنے کے بعد اپنی نماز والی جگہ پر بیٹھا رہے اور اس کا وضو بھی نہ ٹوٹے، تو ایسے شخص کیلئے فرشتے،

---

17 دارقطنی: 1660، صحیح، عن اَبی بن کعبؓ

رحمت و بخشش کی دعائیں کرتے رہتے ہیں۔ [18]

☆ احباب سے گزارش ہے کہ اذکارِ مسنونہ خود پڑھیں اور دوسروں کو پڑھنے کی ترغیب دے کر ثوابِ دارَین حاصل فرمائیں۔ چھپوانے کیلئے ہم سے رابطہ فرمائیں۔ جملہ حقوقِ اشاعت ہمارے ٹرسٹ کیلئے محفوظ ہیں۔(جزاکم اللہ خیرا)

---

18 بخاری:445، عن ابی ھریرۃؓ

ثُریّا اِسحاق پبلشرز، ٹرسٹ اینڈ ویلفیئر فاؤنڈیشن

باغبانپورہ، حافظ آباد روڈ، گوجرانوالہ، پاکستان

یہ ادارہ گزشتہ قریبا 15 سال سے محدود پیمانے پر اور علاقائی سطح پر دینی، فلاحی اور اصلاحی اعتبار سے، مفت خدمت کے امور سرانجام دے رہا ہے۔ ادارے کی جانب سے شائع کردہ مختلف کتابیں، صبح وشام کے اذکار ودعائیں، فرض نمازوں کے بعد اذکار ودعائیں اور روزمرہ کی اہم دعائیں، اسٹیکرز اور پاکٹ سائز کتابوں کی صورت میں حاصل کریں۔ اپنی دنیا وآخرت سنوارنے اور اپنے مرحومین کیلئے صدقہ جاریہ بننے کیلئے چھپوانے کیلئے ہم سے رابطہ کریں: (00923338147420)

مصنف کی دیگر کتب

☆ الوداعی تقریب ''Farewell Party'' نصیحت یا تفریح؟
☆ صحت، بیماری، موت اور جنازہ
☆ آسان ماہ رمضان
☆ راستوں کے حقوق
☆ تاریخ واصول تفسیر (مختصر)
☆ معاشرتی عدم برداشت
☆ امام ابن تیمیہؒ، ایک نظریہ، ایک تحریک
☆ مسئلہ تکفیر
☆ خوارج کی تکفیر کا مسئلہ اور ڈاکٹر طاہر القادری صاحب کی غلط فہمی کا ازالہ
☆ مسئلہ ارتداد
☆ اقدامی اور دفاعی جہاد
☆ نماز میں ہماری غلطیاں
☆ سعودیوں روہابیوں کے ہاتھوں فلسطین فروشی کا دعویٰ۔ تحقیقی، تجزیاتی اور تنقیدی مطالعہ
☆ فرض نماز کے بعد مسنون اذکار اور دعائیں (پاکٹ سائز)
☆ صبح وشام کے مسنون اذکار اور دعائیں (پاکٹ سائز)



ثریا اسحاق پبلشرز ٹرسٹ اینڈ ویلفیئر فاؤنڈیشن
نزد ہالفیاپورہ، حافظ آباد روڈ، گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان (03338147420/03216400497)